تصنیف وتصاویر: ولم ڈی ونک

# یسوع المسیح




تصنيف وتصاوير: ولم دٌى ونک


# يسوع المسيح




حقوق اشاعت – Stichting Wereldtaal, Houten, The Netherlands
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
ناشر کی تحریری اجازت کے بغیر کتاب ہذا کے کسی حصہ کی برقیاتي یا میکانکی طریقہ سے نقل یا اشاعت کی اجازت نہیں۔
جس میں عکسی نقول، ریکارڈنگ یابرقی حافظہ میں محفوظ کر نے اور معلومات حاصل کر نے کا عمل شامل ہے۔
انڑ نیشنل کاپی کی طباعت واشاعت کر نے والا ادارہ ۔ Proclama
پتہ : P.O. Box 91, 3958 ZV Amerongen, The Netherlands
ٹیلیفون : 453868 343 (31)       فیکس : 460110 343 (31)

اشتراک نشر واشاعت۔ : Open Doors, Ermelo, Holland
ترجمہ وپیشکش ۔ چرچ فاؤنڈ یشن سیمینارز، پوسٹ بکس نمبر ۳۱۹۲، لاہور، پاکستان۔



یہ اتنے سارے لوگ دریا پر کیوں جمع ہو رہے ہیں؟
تیار ہو جاؤ۔ خدا کی بادشاہی آرہی ہے!


ایک نئی زندگی شروع کرو!
خدا کی عدالت کا کلہاڑا درختوں کی جڑوں پر چلنا شروع ہو چکا ہے۔
جو درخت اچھا پھل نہیں لاتا، کاٹا اور آگ میں ڈالا جائے گا!
ہم سب بھی کاٹ ڈالے جائیں گے۔ کون ہے جو اچھی اور نیک زندگی بسر کرسکتا ہے؟
بے شک! کوئی خدا کے قہر اور غضب سے بچ نہیں سکتا. لیکن میرے بعد ایک شخص آتا ہے، جو آپ کو مکمل تبدیل کر سکتا ہے۔
اگر زندگی کی تبدیلی چاہتے ہو تو اپنے گناہوں کا اقرار کرواورپھر بپتسمہ لو۔
اب تمہارے گناہ دھل گئے ہیں اور تم نئی زندگی شروع کر سکتے ہو۔



منادی کرنے والے کو "یوحنا بپتسمہ دینے والا" کہاجاتا ہے۔
میں کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ میں اس ہستی کے لئے راستہ تیار کر رہا ہوں جو ہمیں دکھائے گا کہ خدا کون ہے۔ وہ تمھیں خدا کے روح اور خدا کی آگ سے بپتسمہ دے گا۔ یہ بپتسمہ تمھیں مکمل طور پر تبدیل کردے گا۔
اس کے بعد کیا ہؤا...
مجھے ...مجھے آپ سے بپتسمہ لینا چاہئیے۔
اب ہو نے ہی دے۔ یوں ہم خداکی مرضی کوپورا کریں گے۔
اے باپ۔ تیری بادشاہی آئے اور تیری مرضی پوری ہو۔
پھر آسمان سے آواز آتی ہے...
ہاں۔ تو میرا پیارا بیٹاہے اور میں تجھ سے خوش ہوں۔


یہ ہمارے زمانہ کے شروع میں ہؤاکہ یوحنا بپتسمہ دینے والا بنی اسرائیل کو مسیح موعود کی آمد کے لئے تیار کر رہا ہے ۔ اس وقت اسرائیل بڑی رومی حکومت کا ایک چھوٹا سا حصہ ھے ۔
اسرائیل
کفرنحوم
گلیل
ناصرہ
قانا
دریائے یردن
یروشلیم
یہودیہ
یہودی اپنے آپ کوظلم کاشکاراور بے یارو مدوگارسمجھتے ہیں ۔ وہ اپنے نجات دہندہ مسیح موعود کے منتظرہیں جس کی آمدکی پیشینگوئی یہودی کتابوں میں کی گئی ہے ۔ وہ خداکے انصاف کی فتح کرائے گا ۔
دریائے یردن کے کنارے یوحنا بپتسمہ دینے والا یسوع کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔
دیکھو یہ خدا کا برہ ہےجو جہان کا گناہ اٹھالے جاتا ہے ۔
بپتسمہ کے بعد خدا کا روح یسوع کو بیابان میں لے جاتا ھے ۔..
وہ چالیس دن اور رات بیابان میں رہتا ھے ۔ اس عرصہ میں وہ نہ کچھ کھاتا ھے اور نہ کچھ پیتاھے ۔ وہ دعا مانگتا ھےاور روزہ رکھتاھے تاکہ اپنے کام کو اچھی اور صاف طرح سمجھ سکے ۔
یسوع شیطان سے جنگ کرتاھے ۔ شیطان تاریکی کا نادیدنی حاکم ھے اور تباہی اور موت کے ذریعہ دنیا پر حکمرانی کرتاھے ۔
کامیاب ہو نے کے لئے یسوع خدا کے ارادوں کودنیاپر واضح کرناچاہتا ھے ۔ خدا انسان کوموت سے چھڑاناچاہتا ھے ۔
ہاں! اے میرے باپ ۔ میں تیرے کہنے کے مطابق کروں گا ۔


لیکن یسوع کا مخالف اس کے دل میں ایسے خیالات ڈالتا ھےجو اس کو خدا کے مقصد سے دور لے جائیں۔
اگر تو خدا کا بیٹا ھے تو ان پتھروں کو بدل کر روٹی بنادے۔
نہیں۔ کتاب مقدس میں لکھا ھے کہ انسان صرف روٹی ہی سے جیتا نہ رہیگا بلکہ اسے خدا کے کلام کی ضرورت ھے۔
اگر تو واقعی خدا کا بیٹاہے تو ثابت کر۔ ہیکل کی چھت سے چھلانگ لگا دے۔ کیا لکھا نہیں ھےکہ فرشتے تجھے اپنے ہاتھوں پر اٹھا لیں گے ؟
یہ بھی لکھاھے تو اپنے خدا کی آزمائش نہ کر۔
اگرتو میرے سامنے جھکے اور مجھے سجدہ کرے۔ تو میں دنیا کا کل اختیار تجھے دے دوں گا۔
اے شیطان مجھ سے دورھو۔ لکھا ھےکہ صرف خدا ہی وہ ہستی ھے ہمیں صرف اسی کو سجدہ کرنا اور صرف اسی کی عبادت کرنا ھے۔
پھر شیطان یسوع کے پاس سے چلا گیا اور فرشتے آکر اسکی خدمت کرنے لگے۔
جب یسوع گلیل کو واپس آتاھے تو روح القدس سے بھرا ھواھے۔ گلیل اسرائیل کے ملک کا شمالی صوبہ تھا۔ یسوع اسی گنجان آباد صوبہ میں پلا بڑھا۔ وہ جگہ جگہ جانے لگا تو کئی لوگ اسکے ساتھ شامل ھوگئے۔ وہ جاننا چاہتے ہیں کہ کیا یسوع مسیح موعود ھے جسکے بارے میں نبیوں نے لکھا ھے ؟


گلیل کے پہاڑی علاقہ کے ایک گاؤں قانا میں شادی ہو رہی ہے ۔
یسوع بھی اپنی ماں اور چند دوستوں کے ساتھ شادی کی تقریب میں موجودھے ۔


ابھی تقریبات پوری نہیں ہوئی تھیں کہ ...
بڑی مشکل ہو گئی۔ مے ختم ہو گئی ہے۔
جو کچھ یسوع تم سے کہے بس وہ کرتے جاؤ۔
یہ بڑے بڑے مٹکے پانی سے بھر دو۔ پھر میر مجلس کو چکھاؤ۔
پانی؟ لیکن یہ تو مے ہے! کیسی عمدہ مے ہے!
اسے چکھیں۔ آپ نے بہترین مے آخر تک رکھ چھوڑی ہے!
؟
ایسی بات تو کبھی سنی بھی نہ تھی! مجھے تو ایسی شادی میں جانے کاکبھی اتفاق نہیں‌ہوا۔ کیاکہتےہو؟ پانی مے بن گیا! نہایت بہترین مے!
یہ تھا ناصرة کے یسوع کا کام۔
وہ کون ہے؟



کفرنحوم گلیل کی جھیل کے کنارے ماہی گیروں کا ایک گاؤں ہے ۔ جہاں مچھلی کا کاروبار کثرت سے کیا جاتا ہے یسوع یہاں خدا کی بادشاہی کے بارے میں علانیہ منادی کرنا شروع کرتا ہے ۔
اور یہاں ہی وہ اپنے پہلے شاگردوں کو چنتا ہے ۔
پطرس کشتی کو گہرے پانی کی طرف لے چلو اور وہاں جال ڈالو۔
مالک۔ ہم ساری رات سخت محنت کرتے رہے ہیں۔ مگر کچھ نہیں پکڑا ۔
لیکن اگر آپ کہتے ہیں تو...
ہیں! مجھے یقین نہیں آرہا ۔



یعقوب! یوحنا! یہاں آؤ۔ ہم نے ساری زندگی کبھی اتنی مچھلیاں نہیں پکڑیں
اے خداوند میرے پاس سے چلا جا۔ میں ایک گنہگار آدمی ہوں۔
آؤ۔ میرے پیچھے ہو لو! میں تمہیں آدم گیر بناؤں گا!
پطرس ۔ خوف نہ کر!
میرے پیچھے ہو لو۔





یسوع اپنے شاگردوں کے ساتھ سارے گلیل میں جگہ جگہ جاتا ہے۔ اور ہرکسی کو خدا کی بادشاہی کے بارے میں بتاتاہے۔ وہ ہر قسم کی بیماریوں سے شفا دیتا ہے۔ بدروحوں کو نکالتا ہے۔ لوگ حیران ہوتے ہیں اور ہر جگہ اس کے پیچھے پیچھے جاتے ہیں۔ بلکه دوسرے صوبوں اور یروشلیم سے بھی آئے ہیں۔ یروشلیم اسرائیل کا دار الحکومت ہے۔ وہ یسوع کے ایک ایک لفظ کو غور سے سنتے ہیں۔
مبارک ہیں وہ جو دل کے غریب ہیں۔ آسمان کی بادشاہی ان ہی کی ہے۔
مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے بھوکے ہیں۔ وہ سیر کئے جائیں گے۔
مبارک ہیں وہ جو روتے ہیں۔ کیونکه دوباره ہنسیں گے۔
مبارک ہو تم، جب لوگ میرے سبب سے تمہارے ساتھ برا سلوک کریں گے۔ خوشی کرنا اور شادمان ہونا، کیونکه آسمان پر تمہارا اجر بڑا ہے۔



ہر کسی سے وہ سلوک کرو جو تم چا ہتے
ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ کریں ۔
اپنے دشمنوں سے محبت رکھو،
ان کے لئے دعا کرو۔
نیکی اور بھلائی کے کام پوشید گی میں کرو۔
تاکہ دوسروں کوپتہ نہ چلے ۔
بدن کا چراغ آنکھ ہے ۔ پس اگر تیری آنکھ درست ہو
تو تیرا سارا بدن روشن ہوگا۔ لیکن اگر تیری آنکھ
خراب ہو تو تیرا سارا بدن تاریک ہوگا۔
جو شخص کسی عورت کو بری نظر سے
دیکھتا ہے ۔ وہ اپنے دل میں اسکے ساتھ
زنا کر چکا ۔
کوئی آدمی دو مالکوں کی خدمت نہیں
کرسکتا۔ تم خدا اور دولت دونوں کی
خدمت نہیں کر سکتے۔
کل کے لئے فکر نہ کرو، پہلے خدا کی
بادشاہی کی فکر کرو، پھر باقی چیزیں
بھی تم کو مل جائیں گی۔
اگر تم میرے حکموں پر عمل کرو گے ۔ تواس آدمی کی
مانند ہوگے جس نے چٹان پر گھر بنایا ۔ اگر عمل نہیں
کرو گے تواس آدمی کی مانند ہو گے جس نے اپنا گھر ریت پر بنایا۔


ایک دن جب لوگ کفرنحوم میں یسوع کے مکان کے گرد بھیڑ کی صورت میں اکٹھے ہوگئے تھے . . .
ہم بھیڑ میں سے راستہ بنا کر آگے نہیں جاسکتے ۔
چھت پر سے جانا پڑے گا اور کھٹولا اور مریض سب کو نیچے لٹکانا پڑے گا ۔
ارے ، یہ اوپر کیاھو رہا ہے ؟
انہیں کچھ نہ کہو ان دوستوں کا ایمان بہت بڑا ہے !
تیرے گناہ معاف ہوئے ۔
یہ شخص گناہ کیسے معاف کرسکتا ہے ! سنا تم نے ؟
یہ تو خدا کا مذاق اڑا رہا ہے ۔
صرف خدا ہی کسی کو اس کے گنا ہوں سے آزاد کر سکتا ہے ۔
مفلوج سے کیا کہنا آسان ہے ۔ "تیرے گناہ معاف ہوئے یا اٹھ ۔ اور چل پھر" ؟
مسیحا کو گناہ معاف کرنے کا بھی اختیار ہے ۔ لیکن میں یہ بھی کہتاھوں ۔ اپنی چارپائی اٹھا اور چل پھر ۔


یقین نہیں آتا!
وہ تو اٹھ کرچل رہا ھے!
آہا۔ میں چل پھر سکتاھوں!
لیکن یسوع کے کاموں پر سارے لوگ خوش نہیں ہوتے۔ مذہبی راہنما نظر رکھتے ہیں کہ کیا یسوع سبت کے بارے میں حکموں کو مانتا ھے یا نہیں۔ اسرائیل میں اس دن کوئی بھی کام کرنا سختی سے منع ھے۔
یہ آدمی ھےجس کا ایک ہاتھ سوکھا ھواھے کیا سبت کے دن نیکی کرنا رواھے ؟
اپنا ہاتھ آگے بڑھا۔
واہ! واہ! میں تندرست ہوگیا ہوں!
ہمیں اس سے پیچھا چھڑانا ہی ہوگا۔
اب تو یروشلیم میں راہنماؤں کو ضرور بتانا ہوگا کہ یہ آدمی قوم کو گمراہ کر رہا ھے۔



یسوع شاگردوں کے ساتھ کشتی میں سوار ہو کر گلیل کی جھیل پار کرنے لگا۔
خداوند! ہمیں بچا
ہم ڈوب رہے ہیں!
تم کیوں ڈرتے ہو؟
تمہارا ایمان کہاں گیا؟


تھم جا!
وہ کنارے پر پہنچ کر اپنی کشتی
کو باندھتے ہیں لیکن پہاڑوں پر ...
را را را را را ...



ایک بدروح گرفتہ آدمی ہے جو پہاڑوں میں رہتا ہے۔
وہ آ رہا ہے۔
ہوں! آخ!
اچھا۔ اچھا۔ یسوع!
اے بدروح۔ اس میں سے نکل جا۔
اے قادر مطلق خدا کے بیٹے ، مجھے تجھ سے کیا کام؟
تیرا نام کیا ہے ؟
لشکر۔ کیونکہ ہم بہت سے ہیں۔
ہمیں ان سؤروں میں جانے کی اجازت دے دیں۔
چلے جاؤ۔


ارے ؟
میں بالکل تندرست ہوگیا ہوں!
ہمارے پاس سے چلے جاؤ!
میں آپ کے ساتھ جانا چاہتا ہوں۔
نہیں تم یہیں رہو اور سب کو بتاؤ که خدانے تمہارے لئے کیا کیاھے۔


میں تمہیں بتاتا ہوں بیٹاوہی کچھ کرتا
ہے جو باپ کو کرتے دیکھتا ہے۔
میں اپنی نہیں بلکہ اپنے بھیجنے والے
کی مرضی پوری کرتاہوں کیونکہ باپ
نے مجھے بھیجا ہے۔
یسوع بلاناغہ تنہائی میں جاکر دعا مانگتا ہے۔
یسوع نے ایک پوری رات دعا میں گذاری۔
پھر اپنے بارہ (۱۲) شاگردوں کو چنا،
وہ انہیں دوٗ دو کرکے بھیجتا ہے۔
وہ انہیں بدروحوں اور بیماریوں پر
اختیار بخشتا ہے۔
یہ دونوں بھائی ہیں۔ پطرس اور اندریاس۔
یہ بھی دونوں بھائی ہیں۔
یعقوب اور یوحنا۔
یہ فلپس اور نتن ایل ہیں۔




توما اور متی (متی پہلے رومی قابض حکومت کے لئے محصول جمع کرنے کا کام کرتا تھا)
تدّی۔ اور دوسرا یعقوب۔
شمعون زیلوتیس۔ یعنی (رومیوں سے) آزادی کے لئے جنگ کرنے والا۔ اور یہوداہ اسکریوتی۔
جاؤ-جو تمہیں قبول کرتا ہے۔ وہ مجھے کرتا ہے اور جو مجھے قبول کرتا ہےوہ میرے بھیجنے والے کو قبول کرتا ہے۔
بارہ شاگرد اپنے کام سے بہت خوش ہوکرواپس آئے۔ اسکے بعد یسوع چاہتاہے کہ انکو ساتھ لیکر کسی خاموش اور پرسکون جگہ جائے۔ مگر بھیڑ اسکا پیچھا نہیں چھوڑتی۔
فصل تو بہت ہے۔ لیکن مزدور تھوڑے ہیں۔ فصل کے مالک کی منت کرو کہ فصل جمع کرنے کیلئے اور مزدور بھیجے۔


یسوع پھر تعلیم دے رہا اور بیماروں کو شفا دے رہاھے۔ اور شام ہو رہی ھے...
فلپس۔ ان سارے لوگوں کو کھانا کیسے ملے گا۔ آپ ہی انکو کچھ کھانے کو کیوں نہیں دیتے ؟
آٹھ مہینوں کی مزدوری کے پیسے بھی کم ہونگے کہ ہرایک کو تھوڑاسا کھانامل جائے ۔
یہاں ایک لڑکاھے جسکے پاس پانچ روٹیاں اور دو چھوٹی مچھلیاں ہیں۔ اسکے علاوہ اور کچھ نہیں۔
لوگوں کو پچاس پچاس کی قطاروں میں بٹھادو۔
یسوع خدا کا شکر ادا کرتا ھے۔
وہ روٹیاں اور مچھلیاں توڑتا ھے۔



یسوع خوراک کو برکت دیتا ہے۔ اور ہزاروں لوگ سیر ہو جاتے ہیں۔
یہ ضرور وہی مسیح ہےجو آنے والا تھا۔
چاہئے کہ ہم اسے بادشاہ بنالیں۔
یسوع! دیکھئے۔ بچے ہوئے ٹکڑوں سے بارہ ٹوکرے بھر گئے ہیں۔
اب وقت ہوگیا ہےکہ لوگ اپنے اپنے گھروں کو جائیں۔ آپ لوگ کشتی لے کر جھیل کے پار چلیں۔ میں یہاں پہاڑ پردعا مانگنے کو ٹھہروں گا۔



کچھ عرصہ کے بعد...
ہائے ۔ یہ تو کوئی بدروح ہے!
ڈرو مت یہ میں ہوں۔
خداوند، اگر تو ہے تو مجھے حکم دے کہ پانی پر چل کر تیرے پاس آؤں۔
پطرس، آجاؤ۔
خداوند! مجھے بچالے.
پطرس، تونے کیوں شک کیا؟



کچھ لوگ اعلان کرنا چاھتے ہیں کہ یسوع بادشاہ ھے۔ انکو امید ھے کہ یسوع کی قیادت میں ہم قابض رومیوں کو ملک سے نکال دیں گے۔ یسوع کے مخالفوں میں بھی اضافہ ہورہا ھے۔ وہ اس پر مسلسل نکتہ چینی کرتے رہتے ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ لوگوں کو اسکے خلاف کر کے اس سے چھٹکارا پائیں.
مالک۔ آپ کب یہاں پہنچے؟
کیا تم اس لئے مجھے ڈھونڈ رہےہو کہ میں تمہیں روٹیاں کھلاؤں؟
گل سڑجانے والی خوراک کے لئے فکرنہ کروبلکہ اس خوراک کے لئےفکر کروجوہمیشہ کی زندگی بخشتی ہے۔
زندگی کی روٹی میں ہوں۔ میرا بدن دنیا کی زندگی کیلئے دیا جاتا ہے۔
یہ شخص کس طرح اپنا بدن ہمیں کھانے کو دے سکتا ہے؟
بکواس!
آؤ، چلیں!
وہ تو ہرایک کو محض دھوکہ دے رہا ہے۔
کیا تم بھی جانا چاہتے ہو؟
خداوند، ہم کس کے پاس جائیں؟ ہمیشہ کی زندگی کی باتیں تو تیرے ہی پاس ہیں۔



یسوع کی مخالفت بڑھتی
جاتی ہے۔ وہ گلیل کا علاقہ
چھوڑ کردوسر ے علاقوں
میں خدمت جاری رکھتا ہے۔
اس کے پیرو کاروں کا گروہ
اس کے ساتھ جاتا ہے۔
گلیل
یروشلیم
کچھ عرصہ بعد وہ یروشلیم جانے کیلئے چل پڑتا ہے۔
سفر کے دوران ...
لوگ کیا کہتے ہیں کہ میں کون ہوں؟
وہ سمجھتے ہیں کہ تو کوئی نبی ہے۔
اور تم؟
تمہارے خیال میں مَیں کون ہوں؟
تو زندہ خدا کا بیٹا ہے، نجات دہندہ ہے۔
یہ بات کسی کو نہ بتانا۔ ضرور ہے کہ مسیح یروشلیم جائے۔ وہاں دکھ اٹھائے اور مرے۔ لیکن تیسرے دن وہ قبر سے جی اٹھے گا۔



یروشلیم شہر کے باہر لوگوں کو اکثر سزائے موت دی جاتی ھے ۔ انکو صلیب دیا جاتا ھے یہ رومیوں کا موت کی سزا دینے کا نہایت ظالمانہ طریقه ھے ۔
اگر کوئی میرے پیچھے آناچاھے تو اپنی خودی کا انکار کرے اور اپنی صلیب اٹھائے اور میرے پیچھے ھولے ۔
جو کوئی اپنی جان بچائے گا وہ اسے کھوئے گا لیکن جوکوئی میری خاطر اپنی جان کھوئے گا اسے بچائے رکھے گا ۔
یه جان رکھو که خدا ایک ہی ھے ۔
ضروری بات یه ھےکه تم پورے دل سے خدا سے محبت رکھو۔ اور دوسرے لوگوں سے اپنی مانند محبت رکھو۔


اس زمانہ میں اسرائیل کے ملک میں کوڑھیوں کے گاؤں تھے ۔ کوڑھ ایک
خوفناک جلدی بیماری ہے ۔ جن کو کوڑھ ہو جاتا تھا ان کو صحت مند
لوگوں کے ساتھ میل جول رکھنے کی اجازت نہیں ہوتی تھی۔
جب کوڑھی کہیں جاتے تو پکار پکار کر
لوگوں کو خبردار کرتے کہ ہم آرہے ہیں۔
کوڑھی ! کوڑھی!
اے یسوع! اے مالک! ہم پر ترس کھا۔


اپنے تئیں کاہن کو دکھاؤ۔
کیا اس وقت ہم شفا پا جائیں گے ؟
کیا کاہن کے پاس جائیں؟ اس کو دکھائیں ؟
؟
!
دیکھو، میں تندرست ہوگیا ہوں۔
ہم شفایاب ہوگئے ہیں!
جی ہاں!
ہیلیلویاہ خدا بھلا ہے! تیرا شکر ہو۔
کیا تم دسوں پاک صاف نہ ہوئے ؟ پھر دوسرے کہاں ہیں؟ کیا وہ خدا کا شکر ادا کرنے کو واپس نہیں آئے ؟
اٹھ!، کھڑا ہو۔ تیرے ایمان نے صرف تجھے اچھا ہی نہیں کیا۔ بلکہ نجات بھی دلا دی ہے۔


یروشلیم میں یہودی لیڈروں نے یسوع کی جاسوسی کرنے کیلئے اپنے کارندے بھیجے۔ وہ سفر کے دوران یسوع کے پیچھے لگے رہتے تھے۔ وہ اسکے کاموں کے سخت مخالف تھے۔
وہ ایسے لوگوں کےساتھ میل جول رکھتا ہے جن کی شہرت بری ہے مثلا کسبیاں، محصول لینے والے جو رومیوں کے ساتھ کاروبار کرتے ہیں۔
یسوع اس لئے آیا ہےکہ کھوئے ہوؤں کو ڈھونڈے اور نجات دے۔
چونکہ یسوع سبت کے دن شفا دیتا ہے۔
تندرست ہوجا!
وہ بچوں کو خاص توجہ دیتا ہے۔
چھوٹے بچوں کو میرے پاس آنے دو، خدا کی بادشاہی ایسوں ہی کی ہے۔



یسوع کو بیت عنیاہ بلایا گیا ہے۔
یہ گاؤں یروشلیم سے زیادہ دور نہیں۔
لعزر بیمار ہے۔ اور اسکی دو بہنیں
مرتھا اور مریم، یسوع کے اچھے
دوست ہیں یسوع بیت عنیاہ میں
آتاہے تواسے بتایا جاتا ہے کہ
لعزر کو قبر میں رکھے
چار دن ہوگئے ہیں۔
خداوند!
خداوند اگر تو یہاں ہوتا۔
تو میرا بھائی نہ مرتا۔
مرتھا۔ تیرا بھائی دوبارہ جی اٹھے گا۔
ہاں، میں جانتی ہوں۔
وہ قیامت کو آخری دن پھر جی اٹھے گا۔
قیامت اور زندگی میں ہوں۔ جوکوئی مجھ
پرایمان لاتا ہےوہ جیتا رہیگا۔ مرتھا۔
کیا تواس بات پر ایمان لاتی ہے؟
ہاں۔ خداوند، میں ایمان لاتی ہوں کہ تو ہی
وہ نجات دہندہ ہےجس کا وعدہ کیا
گیا تھا۔ اور جو دنیا میں آنے کوتھا۔
تو ہی خدا کا بیٹا ہے۔
تم نے اسے کہاں دفن کیا ہے؟
چل کر دیکھ لے۔ خداوند!


دیکھو دیکھو! یسوع واقعی لعزر سے محبت رکھتا تھا۔
لیکن، کیا وہ لعزر کو موت سے بچا نہیں سکتا تھا؟
یہاں مردوں کو کپڑوں میں لپیٹ کر چٹان میں کھدی ہوئی قبروں میں رکھا جاتا ہے۔
پتھر کو ہٹاؤ۔
خداوند۔ بہت بدبو آئے گی۔ پہلے ہی چار دن ہو چکے ہیں...
تو خدا کا جلال دیکھے گی۔
باپ، میں یہ بات اسلئے کہہ رہا ہوں، تاکہ یہاں کھڑے لوگ ایمان لائیں کہ تو نے مجھے بھیجا ہے۔
لعزر! نکل آ!
اس کا کفن کھول دو۔ اور جانے دو۔


یروشلیم میں بااختیارافراد یسوع اور اسکے پیرو کاروں کے
بارے میں زیادہ فکرمند ہوتے جا رہے ہیں۔
یہ آدمی تو بہت معجزے کر رہا ہے۔
اگر ہم نے نہ روکا، تو رومی اقدام کریں گے۔
وہ ہماری ہیکل کو تباہ و برباد اور ہماری قوم کونیست و نابود کردیں گے۔
اپنی عقل استعمال کرو! بہتر ہے کہ ساری قوم کیلئے ایک آدمی مارا جائے۔ نہ کہ سارا ملک تباہ وبرباد ہو۔
اس لئے ضرور ہے کہ یسوع کو قتل کیا جائے!
اسی وقت سے یہودی لیڈر موقع تلاش کرنے لگے کہ یسوع کو رومیوں کے حوالہ کر دیں۔ صرف رومیوں ہی کو موت کی سزا دینے کا اختیار ہے۔



یسوع ابھی بیت عنیاہ ہی میں تھا کہ...
مریم!
یہ عطر توبے حد قیمتی ہے!
بہتر ہوتا کہ یہ عطر بیچ کر ساری رقم غریبوں کو دے دی جاتی۔
یہوداہ! اسے کچھ نہ کہو۔ اس نے میرے بدن کو دفن کے لئے تیار کیا ہے۔



عید فسح بالکل قریب ہے۔
لوگ بجوم دربجوم یروشلیم کو آرہے ہیں۔


یروشلیم میں مذہبی لیڈر یسوع کو گرفتار کرنے
کے منصوبے بنا رہے ہیں۔ مگر وہ پھر بھی
شہرکا رخ کرتا ہے۔



لوگ خوش ہو کر، نعرے لگاتے ہوئے اسے خوش آمدید کہتے ہیں۔
ہوشعنا، مبارک ہے وہ جو خداوند کے نام سے آتا ہے۔
اسرائیل کا بادشاہ!
زندہ باد!
زندہ باد!
ساری دنیا اس کے پیچھے ہو چلی ہے۔
اس طرح تو ہم کچھ نہیں کر سکیں گے۔


دار الحکومت میں ہیکل عبادت کا مرکز ہے۔
عید فسح کے موقع پر برے قربان کئے جاتے ہیں۔
خدا اور انسان کے درمیان میں ملاپ کرانے کے لئے ہیکل میں برے چڑھائے جاتے ہیں۔
لیکن قربانی کا وہ کونسا برہ ہے جوانسان کو حقیقت میں اسکے گناہوں سے چھڑا سکتاہے؟
ہیکل کے صحن میں لوگ خرید وفروخت اور روپیہ پیسہ کے کاروبار میں مصروف ہیں۔
یسوع بھی وہاں موجود ہے۔



خدا کا گھر تو دعا کا گھر ہوتا ہے۔
مگر تم نے اسے ڈاکوؤں کی کھوہ
بنا دیا ہے۔
ہمیں اس سے بہت جلد خلاصی
حاصل کرنی ہوگی۔
یہ آدمی خطرناک ہے۔
لوگ تواس کی ایک ایک بات
کو دل میں بٹھا لیتے ہیں۔


اگر ہم اسے باتوں میں پھنسا لیں تو اس پر ہاتھ ڈال سکتے ہیں اور اسے قتل کرنے کیلئے حوالہ بھی کر سکتے ہیں۔
لیکن عید کے دنوں میں نہیں۔ ہم نہیں چاہتے کہ عید فسح پر کوئی ہنگامہ کھڑا ہو جائے۔
آپ مجھے اس کے بدلے میں کتنی رقم دیں گے ؟
یہ یہوداہ ہے. اس کا ایک شاگرد.
میں یسوع کو تمہارے حوالے کردوں گا۔
ہم تمہیں چاندی کے تیس سکے دیں گے۔ یہ ایک غلام کی قیمت کے برابر رقم ہے۔


یسوع عید فسح سے پہلے دن ہیکل
میں لوگوں کو تعلیم دینے میں گزارتا ھے۔
مگر مذہبی لیڈر اس کیلئے
مشکلات کھڑی کرنے کا سلسلہ
جاری رکھتے ہیں۔
اس شام یسوع اوراس کے ۱۲ شاگرد فسح کے
کھانے کے لئے شہر میں جمع ھوتے ہیں۔
میں آج رات ہی یہ کام کر گزروں گا۔


مجھے بہت آرزو تھی کہ دکھ اٹھانے سے پہلے عیدفسح کا یہ کھانا تمہارے ساتھ کھاؤں۔
بااختیار لوگ دوسروں سے خدمت لیتے ہیں۔ لیکن آپ کا طریقہ الٹ ہونا چاہئے۔
جو سب کا خادم ہو، وہ تمہارا لیڈر بنے۔
میں تمہارے درمیان ایک خادم کی طرح ہوں۔


خداوند، کیا تو میرے پاؤں دھونے لگاھے؟ ہرگز نہیں۔
پطرس اگر میں تجھے نہ دھوؤں، تو تو میرے ساتھ شریک نہیں۔
خداوند! پھر تو، میرا سر اور ہاتھ بھی دھو دے۔
جو نہا چکا، اس کو سوائے پاؤں کے اور کچھ دھونے کی حاجت نہیں۔
تم مجھے خداوند اور استاد کہتے ہو۔ یہ ہے بھی درست۔ جسطرح میں نے تمہارے پاؤں دھوئے، اسی طرح تم پر بھی فرض ہےکہ ایک دوسرے کی خدمت کرو۔
تم میں سے ایک مجھے پکڑوانے کو ہے۔
ہرگز نہیں۔
میں تو نہیں؟
یہوداہ، تجھے جو کچھ کرنا ہے جلد کرلے!


میری یادگاری میں اکثر ایسا کیا کرو ...
یہ روٹی لو۔ یہ میرا بدن ہے۔
یہ پیالہ لو یہ میرا خون ہے۔ جو تمہاری خاطر بہایا جاتا ہے۔ اس طرح خدا آپ سے ایک نیا عہد باندھتا ہے۔
میں تمہیں ایک نیا حکم دیتا ہوں۔ جسطرح میں نے تم سے محبت رکھی۔ تم بھی ایک دوسرے سے محبت رکھو۔
اگر تمہارے درمیان یہ محبت ہوگی تو سب جان لیں گے کہ تم میرے شاگرد ہو۔
خداوند میں ہر جگہ تیرے پیچھے چلوں گا۔ تیری خاطرمیں اپنی جان بھی دوں گا۔
پطرس، مرغ کے بانگ دینے سے پہلے تو تین بار میرا انکار کرے گا۔




اسی شام تھوڑی دیر کے بعد یسوع اور اسکے شاگرد شہرسے باہر جاتے ہیں۔ یہوداہ انکے ساتھ نہیں ہے۔
میں تمھیں چھوڑ رہا ہوں، لیکن باپ روح القدس کو تمھارے پاس بھیجے گا۔ وہ تمھاری مدد کرے گا اور ہمیشہ تمھارے ساتھ رہے گا۔
جہاں میں جاتا ہوں۔ تم وہاں کی راہ جانتے ہو۔
راہ اور حق اور زندگی میں ہوں۔ کوئی میرے وسیلہ کے بغیر باپ کے پاس نہیں آسکتا۔
تم یہاں ٹھہرو۔ میں دعا مانگنے تھوڑا آگے جارہا ہوں۔
باپ۔ اگر ممکن ہو، تو یہ دکھ مجھ سے ہٹا لے۔
تو بھی میری نہیں، بلکہ تیریٰ مرضی پوری ہو۔


ایسی گھڑی میں تم کِسطرح سو سکتے ہو؟
اٹھو، جاگو! میرا پکڑوانے والا آپہنچا ہے۔
جس کا میں بوسہ لوں اسے پکڑ لینا۔
سلام۔ مالک!
یہوداہ، کیا تو بوسہ لے کر مسیح
کو پکڑواتا ہے؟
خداوند، کیا ہم
مقابلہ کریں؟
نہیں!
یسوع خود کو ان کے حوالے کر دیتا ہے۔
اسکے شاگرد ادھر ادھر بھاگ جاتے ہیں۔



وہ یسوع کو یہودیوں کے سرداروں کے سربراہ سردار کاہن کے پاس لے جاتے ہیں۔ پطرس اور یوحنا فاصلہ پر پیچھے پیچھے آتے ہیں۔
پطرس اندر صحن میں جاتا ہے۔
کیا تم اس کے ساتھ نہ تھے؟
نہیں! میں تو اس شخص کو جانتا بھی نہیں۔
تم بھی ان ہی میں سے ہو ... ہو، نا؟
قطعی نہیں۔
میں یقین سے کہتاھوں، تم بھی وہاں تھے ۔ کیونکہ گلیلی ہو۔
پتہ نہیں، آپ کیا کہہ رہے ہیں!


ککڑوں کوں!
چلو! نبوت سے بتاؤ، تمھیں کس نے مارا؟
صبح کے وقت یسوع کو یہودی لیڈروں کی جماعت کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔
کیا تو خدا کا بیٹا ہے؟
تم درست کہتے ہو۔
کفر! یہ سزائے موت کا حقدار ہے!
اسے رومی عدالت میں لے چلو۔




یسوع کو رومی گورنر پیلاطُس کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔
یہودی لیڈر موجود لوگوں کو بھڑکاتے ہیں۔ وہ چلا کر ہر طرح کے الزام لگاتے ہیں۔
تو ان الزامات کے خلاف کیا کہتا ہے ؟ کچھ نہیں ؟
تو نے کیا کیا ہے ؟
میں حق کی گواہی دینے آیا ہوں۔
حق کیا ہے ؟
میں اس میں کوئی جرم نہیں پاتا۔ عیدفسح کا موقع ہے۔ ہم کس کو چھوڑ دیں۔ برابا کو یا یہودیوں کے بادشاہ کو؟


برابا کو!
برابا کو!
لیکن میں اس یسوع کا کیا کروں؟
اسے صلیب دے!
وہ سمجھتا ہے میں بادشاہ ہوں۔
اگر اسے چھوڑدے، تو تو قیصر کا خیرخواہ نہیں۔
یسوع کی بجائے تو آزاد ہےاور جاسکتا ہے۔
سیاسی قاتل برابا کو آزاد کیاجاتا ہے۔
۳۷. ۳۸. ۳۹ ...
میں اس کے خون سے بری ہوں۔
اے یہودیوں کے بادشاہ، سلام!


اس آدمی کو دیکھو!
اسے صلیب دے!
اسے صلیب دے!
اسے صلیب دے!
پیلاطُس نے سزا کے حکم پر دستخط کر دیئے ۔ صلیب، موت کی ہولناک سزاتھی. یسوع اذیت اور تشدد کی اس بھاری صلیب کو اُٹھا کر یروشلیم کی گلیوں میں سے گذرتا ھے ۔
صلیب دینے کی جگہ شہر سے باہر ھے اور گلگتا کہلاتی ھے ۔ جسکا مطلب ھے کھوپڑی کی جگہ ۔
یہاں سپاہی یسوع کو کیلوں کے ساتھ صلیب پر جڑ دیتے ہیں.


اسی دوران یہوداہ اپنے کئے پر پچھتاتا ہے۔
میں نے غلط کام کیا!
میں نے بے گناہ کو پکڑوا دیا ہے۔
ہمیں کیا ؟ یہ تیرا مسئلہ ہے!
یسوع کو دو مجرموں کے درمیان صلیب دیا گیا۔
اے باپ، ان کو معاف کر۔ یہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ہیں۔




صلیب کے اوپر تین زبانوں میں لکھا ہوا کتبہ لگایا گیا ہے جس پر لکھا ہے "یسوع، یہودیوں کا بادشاہ"۔
یسوع سرکہ پینے سے انکار کرتا ہے۔
سپاہی اس کے کپڑوں پر قرعہ ڈالتے ہیں۔
ہاں۔ کیا اس نے دوسروں کو نہیں بچایا؟
اگر تو خدا کا بیٹا ہے۔ تو صلیب پر سے اتر آ۔
تو اپنے آپ کو اور ہم کو بچا۔
خدا کاکچھ خوف کر۔ ہم تو اپنے کئے کی سزا پا رہے ہیں۔ لیکن اس آدمی نے کوئی غلط کام نہیں کیا۔
جب تو اپنی بادشاہی میں آئے۔ تو مجھے یاد رکھنا۔
میں تجھے یقین دلاتا ہوں، تو آج ہی میرے ساتھ فردوس میں ہوگا۔


تقریباً بارہ بجے سورج تاریک ہو گیا۔
ہر طرف اندھیرا چھا گیا۔
یسوع کی ماں مریم، اور اس کا شاگرد یوحنا،
صلیب کے پاس کھڑے ہیں۔
اب سے تم ماں اور بیٹا ہو۔
اے میرے خدا، اے میرے خدا تو نے
مجھے کیوں چھوڑ دیا؟
میں پیاسا ہوں۔
اے باپ میں اپنی روح تیرے
ہاتھوں میں سونپتا ہوں۔
تمام ... ہئوا۔



یسوع سہ پہر تین بجے دم دے دیتا ہے۔
ایک سپاہی اس کا پہلو چھید دیتا ہےاور خون اور پانی بہہ نکلتے ہیں۔
نوشتوں میں لکھا ہے۔ اسے ذبح ہونے والی بھیڑ کی طرح لے گئے۔
"وہ ہماری خطاؤں کے باعث زخمی اور گھائل کیا گیا" لیکن اب تو وہ مرگیا ہے۔
کیا وہ آنے والا مسیح موعود تھا، یا نہیں؟
چلو. اسے دفنانے کی اجازت مانگیں۔
ارمتیاہ کا یوسف اور نیکدیمس یسوع کی لاش لیتے ہیں اور خوشبوئیں لگا کر کتانی کپڑے میں لپیٹتے ہیں۔
اور اسے قبرمیں رکھ کر ایک بڑا پتھر قبر پر رکھ دیتے ہیں۔



آرام کے وقفہ کے بعد، جوکہ عید فسح کا ایک حصہ ہے ۔ کئی عورتیں ماتم کرتی ہوئی قبر پر آتی ہیں۔ قبر پر مہر لگی ہوئی ہے ۔
پتھر تو لڑھکا ہئوا ہے ۔
زندہ کو مردوں میں کیوں ڈھونڈتی ہو؟ وہ جی اٹھا ہے ۔ جاکراسکے شاگردوں کو بتاؤ ۔
یہ بات سن کر پطرس اور یوحنا دوڑتے ہئوئے قبر کو جاتے ہیں۔
کیا ہوگیا ہے ؟
یہ تو بالکل خالی ہے !



قبر کے آس پاس باغ میں ...
اے عورت، کیوں رو رہی ہو؟ کس کو ڈھونڈ رہی ہو؟
جناب! کیا آپ نے اسے اٹھایا ہے ؟
مریم!
استاد !
مجھے مت چھوء میرے بھائیوں کو بتاؤ کہ میں اپنے باپ اور تمہارے باپ، اپنے خدا اور تمہارے خدا کے پاس جاتا ہوں۔


اسی دن یسوع مسیح کے دو مایوس پیروکار ایک راہگیر سے یسوع کی موت کے بارے میں تبادلُہ خیال کررہے ہیں۔
تو کیا آپ نبیوں کی باتوں پر ایمان نہیں رکھتے ؟ کیا مسیح کو اپنے جلال میں داخل ہونے کیلئے دکھ اٹھانا ضرور نہ تھا ؟ پاک صحائف میں یہ ساری باتیں لکھی ہوئی ہیں۔
کھانے کے دوران اچانک ان کا مہمان غائب ہو جاتا ہے۔
مگر وہ تو خود یسوع تھا !
وہ فوراً روانہ ہوجاتے ہیں تاکہ یسوع کے دوسرے پیروکاروں سے ملاقات کریں۔
ہم نے خداوند کو دیکھا ہے۔
مریم اور پطرس نے بھی دیکھا ہے۔
اچانک ...
میں تمہیں سلام کہتا ہوں۔
کیا تم یقین نہیں کرتے کہ میں ہوں۔ میرے ہاتھوں اور پاؤں کو دیکھو!
اے میرے خداوند! اے میرے خدا!





اگلے چالیس دنوں کے دوران یسوع اپنے شاگردوں کو دکھائی دیتا رہا۔ اور ایک دفعہ تو ایک ساتھ ٥٠٠ افراد کو دکھائی دیا۔ ایک روز اس کے کچھ شاگرد گلیل کی جھیل میں مچھلیاں پکڑ رہے تھے...
کیا تمہارے پاس کھانے کو کچھ ہے؟
نہیں، کوئی مچھلی نہیں پکڑی۔
ادھر دوسری طرف جال ڈالو۔
خدایا! دیکھو کتنی مچھلیاں پھنس گئیں۔
یہ تو خداوند ہے!
استاد!
کیا تم آکر میرے ساتھ کھانا کھاؤ گے؟




یسوع پطرس سے یہ سوال
تین دفعہ پوچھتا ہے۔
پطرس۔ کیا تو مجھ سے
سچ مچ محبت رکھتا ہے ؟
ہاں خداوند، تو تو جانتا ہی ہے کہ
میں تجھ سے محبت رکھتا ہوں۔
میری بھیڑیں چرا۔
میرے پیچھے
ہولے۔
آسمان اور زمین کا کل اختیار مجھے دیا گیا ہے۔
ساری دنیا میں جاؤ اور سب قوموں کو شاگرد بناؤ۔
ان کو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے
بپتسمہ دو اور ان کو تعلیم دو کہ ان ساری باتوں پر
عمل کریں جنکا میں نے تم کو حکم دیا ہے۔
ان باتوں کے بعد یسوع آسمان پر
اٹھالیاجاتا ہے۔
اس نے یہ بھی فرمایا
کہ میں دنیا کی عدالت کرنے
کوواپس آؤنگا۔
اور یاد رکھو کہ میں ہمیشہ تمہارے ساتھ ہوں۔
دنیا کے آخر تک ہر روز میں تمہارے ساتھ ہوں۔

یسوع تو چلا گیا۔ اسکے شاگرد
یروشلیم میں ٹھہر کر انتظار کرتے اور دعا
مانگتے ہیں۔ روح القدس یعنی خدا کا
روح ان کو بھردیتا ھے۔ وہی روح جو
یسوع میں تھا، اب ان میں سکونت
کرتا ھے۔ وہ انکو نئے انسان بنا دیتا ھے۔
اور وہ بڑی قدرت کے ساتھ یسوع
کی گواہی دیتے ہیں۔




اب ساری دنیا میں یسوع کو ماننے والے
دعا کرنے کیلئے اور بائبل مقدس پڑھنے
کیلئے اکٹھے ہوتے ہیں۔ وہ روٹی توڑتے اور
مے کے پیالہ میں شریک ہوتے ہیں۔ اور اس
طرح یسوع کی موت کو یاد کرتے ہیں۔
خدا کی مرضی ھےکہ خدا کی جو محبت ان
کے دل میں ھےوہ اسے اپنےآس پاس کے
لوگوں میں بانٹیں۔


یسوع نے انسان کے لئے خدا کے
ارادوں کو پورا کرنا ممکن بنادیا ۔
یسوع ہم سے محبت رکھتا ہے ۔ اس کا
شکر ادا کرو، اور اسے سجدہ کرو ۔
خدا نے دنیا سے ایسی محبت
رکھی کہ اس نے اپنا اکلوتا بیٹا
بخش دیا تاکہ جو کوئی اس پر ایمان
لائے ہلاک نہ ہو بلک ہمیشہ
کی زندگی پائے ۔

# یسوع کے بارے میں مزید باتیں.

یسوع کے زمانہ میں چار گواہ تھے ۔ ان میں سے ہر ایک نے اسکے بارے میں ایک ایک کتاب لکھی۔ ان کتابوں (اناجیل) کو بائبل مقدس میں ایک جگہ جمع کر دیا گیا ھے ۔


## متی
متی یسوع کے بارہ شاگردوں میں سے ایک تھا ۔ وہ کفرنحوم میں محصول کی چوکی پربیٹھا تھاکہ یسوع نے اسے بلایا اور وہ ان شاگردوں میں شامل ھوگیا ۔ لوگ حیران رہ گئے کہ یسوع محصول لینے والوں کے ساتھ میل جول رکھنا چاہتا ھے ۔ متی ان بہت سے واقعات کا چشم دید گواہ ھےجنکا حال اس نے لکھا ھے ۔


## مرقس
مرقس نے ایک چھوٹی سی انجیل (انجیل کا مطلب ھے خوشخبری) لکھی۔ جن دنوں یسوع اسرائیل کے ملک میں خدمت کر رہا تھا مرقس ابھی بچہ ہی تھا ۔ مرقس نے پطرس کے ساتھ کئی دورے کئے ۔ پطرس اپنے ایک خط میں اسے "میرا فرزند" کہتا ھے ۔ بعد میں مرقس پولس کے ساتھ دورے کرتا رہا۔ پولس وہ شخص ھےجو یسوع کے پیغام کو یورپ میں لایا تھا۔

## لوقا
لوقا نے بھی ایک انجیل لکھی ھے ۔ حالانکہ وہ یسوع کے ساتھ موجود نہ تھا۔ وہ یونانی طبیب تھا جو بعد میں یسوع پرایمان لایا ۔ اس نے پولس کے ساتھ دور دور تک دورے کئے ۔ لوقا نے صحیح اور مکمل معلومات حاصل کرنے کیلئے بہت سے (چشم دید) گواہوں سے ملاقاتیں کیں۔ اس نے پہلے ایمانداروں کے تجربات کے بارے میں لکھا ھےاور یہ بھی کہ پہلی مسیحی کلیسیا کس طرح قائم ھوئی۔ اس طرح جو کتاب لکھی گئی وہ "اعمال" کے نام سے بائبل مقدس میں شامل ھے ۔


## یوحنا
یوحنا اس حد تک وفادار تھا کہ وہ صلیب دیئے جانے کے وقت بھی یسوع کے پاس موجود تھا اپنی انجیل کے آخر میں اس نے لکھا ھےکہ اور بھی بہت سے کام ہیں جو یسوع نے کئے ۔
میں نے یہ باتیں اسلئے لکھی ہیں تاکہ تم ایمان لاؤ کہ یسوع ہی مسیح ھےاور اسکے نام سے زندگی پاؤ۔
یسوع کے سارے پیرو کاروں میں سے غالباً یوحنا ہی نے سب سے لمبی عمر پائی۔ زندگی کے آخری ایام میں یوحنا نے رویا میں یسوع کو ویسا ہی دیکھا جیسا وہ اب ھے۔ یعنی خدا کا جلالی بیٹا ۔ اس رویا کا بیان "مکاشفہ" کی کتاب میں درج ھے ۔ جو بائبل مقدس کی آخری کتاب ھے ۔ اس میں دنیا کے آخری دنوں کا حال بھی لکھا ھوا ھے ۔

## اور اب آپ !
یسوع کی کہانی ابھی ختم نہیں ھوئی۔ صدیوں سے یہ کہانی بے شمار لوگوں کی زندگیوں میں جاری ھے ۔ یہ آپکی زندگی میں بھی جاری رہ سکتی ھے ۔ یسوع آپکواپنی محبت دکھانا چاہتا ھے ۔ وہ یہ بھی چاہتا ھےکہ آپ خدا باپ کو جان اور پہچان لیں۔ وہ آج بھی یہ کام اسی طریقہ سے کرتا ھےجسطرح پہلے پیروکاروں کے وسیلہ کیا تھا۔
وہ اپنے روح القدس کو بھیجے گا تاکہ آپکے اندر بسے اور آپکی باطنی زندگی کو تبدیل کردے ۔ جو تاریکی تھا وہ نور بن جائے گا ۔ جسکا اختتام موت پر ھونا تھا۔ اب وہ ہمیشہ کی زندگی پر نظریں لگا سکتا ھے ۔ یسوع کا شکر ھوکہ آپکی زندگی کے لئے خدا کا مقصد اور ارادہ پورا ھو سکتا ھے ۔







**یسوع مسیح** کی زندگی کے بارے میں ایک کومک (تصاویری) کہانی



ہاں اسلئے کہ ایک نئی نسل پروان چڑھ رہی ھے جو اس زبان کے ساتھ پرورش پارہی ھے۔ ہر جگہ نوجوان اس زبان کو باآسانی سمجھ سکتے ہیں۔ اس لئے ہم یسوع کی زندگی کو تصاویری کہانیوں کے انداز میں پیش کر رھے ہیں تاکہ اس نسل تک خوشخبری (انجیل) پہنچ سکے یہ کتاب انجیل کی ترجمانی ایک انوکھے طریقے سے کرتی ھے۔ یہ کہانی چاروں انجیلوں سے متوافق بیانات پر مبنی ھے۔ منظرنامہ ایک ڈرامائی سلسلہ میں چلتا ھےاور اس میں ایک طاقتور پیغام ھے۔ مکالمے روزمرہ زبان میں لکھے گئے ہیں۔ تاہم کوشش کی گئی ھےکہ بائبل مقدس کی زبان کے قریب تر رہیں۔ یہ تصاویر زمانوں کی اہم ترین کہانی سے خصوصی واقفیت دلاتی ہیں۔ پہلی دفعہ یہ کتاب انگریزی، ولندیزی، اور البانوی زبانوں میں چھپی، اسے دوسری زبانوں مثلاً فرانسیسی، ہسپانوی، پرتگیزی، روسی، ترکی اورعربی میں چھاپنے کی تیاریاں بھی ھو رہی ہیں۔





**تاثر**

"یہ کہانی ایک نقطہ عروج تک لے جاتی ھےاور اپیل کرتی ھے کہ خداوند کی اسی طرح پیروی کی جائے جس طرح ہر زمانہ میں بیان ھوتا آیا ھے۔"

(لوسیان اقاد۔ ایگزیکٹو سیکریٹری برائے مڈل ایسٹ بائبل سوسائیٹیز بیروت۔ لبنان)